لفظوں میں یہ کام جس مفکرانہ کاوش کو چاہتا تھا اس کے بجائے حاصلِ مطالعہ کو محض حُسنِ بیان کے ساتھ پیش کر دیا گیا ہے۔ ایک نئے نظریہ و فلسفہ کو جمے ہوئے نظریات کے مقابلے میں لانے کے لیے اس سے کچھ زیادہ کی ضرورت تھی۔ تاہم پروفیسر صاحب نے اردو زبان کو ایک نئی ٹھوس چیز بہم پہنچائی ہے اور کام کرنے کا راستہ ضرور کھول دیا ہے۔ غالباً بڑے بڑے کام ہونے بھی اسی تدریج سے ہیں۔ ہم یہ رائے دینا اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ یہ علمی حلقوں میں پڑھے جانے کی چیز ہے۔ حسنِ طباعت کے معاملے میں ناشر کا قائم کردہ معیار لائقِ تحسین ہے۔

فقہ الحدیث | مرتبہ: مولانا سید اصغر حسین صاحب محدث دارالعلوم دیوبند۔ شائع کردہ، نور محمد، کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ کراچی۔ قیمت مجلد مع گرد پوش عہ/

اس کتاب میں فاضل مؤلف نے ایسی منتخب صحیح اور مرفوع احادیث سادہ با محاورہ ترجمہ کے ساتھ جمع کر دی ہیں جن سے فقہی احکام ماخوذ ہیں اور جو ہر مسلمان کو زندگی کے مختلف معاملات میں عملی رہنمائی دے سکتی ہیں۔ چھوٹے پیمانے کا یہ کام اس لحاظ سے بڑا قابلِ قدر ہے کہ اس سے عام مسلمانوں کا ذہنی رابطہ براہِ راست سنت و احادیثِ رسول سے جڑتا ہے۔

| مدیر: ایم۔ الیف۔ آر فریدی، رام پور۔ چندہ نامعلوم۔

ہندوستان میں اسلامی فکر و تحریک کے احیاء کے لیے مسلمانوں میں جو رجحانات برسرِ عمل ہیں ان کا ایک اظہار "اسلامک ریسرچ سرکل" کے ادارے کی صورت میں ہو رہا ہے۔ یہ ادارہ چند ذہین نوجوانوں کی سرگرمیوں پر مشتمل ہے۔ یہ نوجوان اسلامی فکر و نظر کے ساتھ علومِ جدیدہ کا ناقدانہ مطالعہ کر رہے ہیں اور فلسفہ، مدنیات، سیاسیات، معاشیات، مالیات اور اخلاقیات وغیرہ کے میدانوں میں حکمتِ اسلامی کو نیازی اہمیت کے ساتھ پیش کر رہے ہیں۔ ان کے مطالعہ و تفکر کی ترجمانی کا ذریعہ پیشِ نظر انگریزی جریدہ ہے۔ پہلے یہ جریدہ سائیکلو اسٹائل ہو کر نکلتا تھا۔ اب مطبوعہ صورت میں آنے لگا ہے۔ اس کے نئے دور کے جو شمارے ہم نے دیکھے ہیں وہ بڑے حوصلہ افزا ہیں۔ ہندوستان کے حالات میں ایسا قابلِ قدر کام کرنے والے نوجوان اس بات کے مستحق ہیں کہ اسلامی ذہن کے ساتھ علمی دلچسپیاں رکھنے والے حضرات ان کی ہمتیں بڑھائیں۔ ہمارے